# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 05 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۵/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مہاراشٹر کے 21 ویں وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے بی جے پی رہنماء دیویندر پھڑنویس کی آج حلف برداری۔

☆ ناگپور سمیت وِدربھ کے متعدد مقامات پر زلزلے کے جھٹکے؛ تلنگانہ کے مُلُوگو میں زلزلے کا مرکز۔

☆ سمرڈھی ایکسپریس وے پر کار اور کنٹینر کے تصادم میں چھترپتی سمبھا جی نگر کے دو افراد کی موت۔

☆ 19 سال سے کم عمر کھلاڑیوں کے ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت سیمی فائنل میں داخل۔

اور۔۔۔☆ مردوں کی جونیئر ایشیائی ہاکی چمپئن شپ کے فائنل میں پاکستان کے خلاف بھارت کی فتح۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مہاراشٹر کے 21 ویں وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے بی جے پی رہنماء دیویندر پھڑنویس آج حلف لیں گے۔ ممبئی کے آزاد میدان پر گورنر سی پی رادھا کرشنن، وزیرِ اعلیٰ اور ان کی مجلس وزراء کے ارکان کو عہدے اور رازداری کا حلف دیں گے۔ آج شام ساڑھے پانچ بجے مجوزہ اس حلف برداری تقریب میں وزیرِ اعظم نریندر مودی بھی شرکت کریں گے۔ مرکزی کابینہ کے متعدد ارکان اور قومی جمہوری یعنی اتحاد این ڈی اے کی زیرِ اقتدار ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ بھی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

دریں اثناء بی جے پی-شیوسینا اور راشٹروادی کانگریس پر مشتمل مہایوتی کے رہنماؤں نے کل گورنر سی پی رادھا کرشنن کو حکومت سازی کا اپنا دعویٰ پیش کیا اور بی جے پی-شیوسینا-راشٹروادی کانگریس پارٹی اور دیگر حلیف جماعتوں کے کُل 237 ارکانِ اسمبلی کی حمایت سے متعلق دستخط شدہ ایک مکتوب گورنر کو پیش کیا۔ اس موقع پر کارگذار وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے، دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار کے علاوہ مرکزی وزیر نرملا سیتا رمن اور بی جے پی کے رہنماء وجے روپانی بھی موجود تھے۔

بعد ازاں منعقدہ اخباری کانفرنس میں دیویندر پھڑنویس نے بتایا کہ ضوابط کے مطابق مہایوتی کی جانب سے حکومت کا دعویٰ پیش کیا گیا' اور بی جے پی' شیوسینا' راشٹروادی کانگریس' جن سوراجیہ پارٹی' یوا سوابھیمان پارٹی' آر ایس پی اور آزاد امیدواروں پر مشتمل مہایوتی کے ارکانِ اسمبلی کا دستخط شدہ دعویٰ گورنر کو پیش کیا گیا۔

کارگذار وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اس اطلاعی کانفرنس کو بتایا کہ مہایوتی کی جانب سے وزیرِ اعلیٰ کے عہدے کیلئے دیویندر پھڑنویس کے نام کو اتفاقِ رائے سے قطعیت دیئے جانے سے متعلق مکتوب گورنر کو پیش کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ڈھائی سال قبل مجھے وزیرِ اعلیٰ بنانے کیلئے دیویندر پھڑنویس نے تجویز پیش کی تھی اور آج شیوسینا کی جانب سے ہم نے دیویندر پھڑنویس کو وزیرِ اعلیٰ بنانے کی تجویز پیش کی ہے۔ اس سے پہلے ہی ہم بی جے پی کے وزیرِ اعلیٰ کے عہدے کے امیدوار کو شیوسینا کی جانب سے حمایت کا اعلان کر چکے ہیں۔

قبل ازیں کل ممبئی میں منعقدہ بی جے پی لیجسلیچر پارٹی کے اجلاس میں دیویندر پھڑنویس کا لیجسلیچر پارٹی کے قائد کی حیثیت سے اتفاقِ رائے سے انتخاب عمل میں آیا۔ مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رَمن اور گجرات کے سابق وزیرِ اعلیٰ وجئے رُوپانی پارٹی کے مرکزی مبصر کی حیثیت سے اجلاس میں شریک تھے۔ بی جے پی رہنماء چندر کانت پاٹل اور سدھیر منگنٹیوار نے گروپ لیڈر کی حیثیت سے دیویندر پھڑنویس کے نام کی واحد قرارداد پیش کی۔ جس کی تمام ارکان نے اتفاقِ رائے سے تائید کی۔

***** ***** *****

ریلوے اصلاحات بل 2024 پر کل لوک سبھا میں بحث ہوئی۔ وزیرِ ریلوے اشوینی ویشنو نے کہا کہ ان اصلاحات کے باعث ریلوے کے شعبے میں کارکردگی میں بہتری آئیگی۔ کانگریس کے منوج کمار نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے وندے بھارت گاڑیوں میں ٹکٹ کے نرخ بہت زیادہ ہونے کا معاملہ اٹھایا۔

***** ***** *****

بھارتی خلائی تحقیقاتی ادارے اِسرو کے ذریعے PSLV-C خلائی جہاز کی لانچنگ مؤخر کردی گئی ہے۔ شری ہری کوٹہ کے ستیش دھون خلائی مرکز سے کل سہ پہر چار بجکر آٹھ منٹ پر اسے داغا جانا تھا۔ اِسرو کے ذرائع نے بتایا کہ کسی تکنیکی خرابی کے باعث یہ لانچنگ ملتوی کی گئی ہے۔ آج سہ پہر چار بجکر 12 منٹ پر اسے داغا جائے گا۔

***** ***** *****

ناگپور - چندرپور اور گڈچرولی اضلاع کے چند مقامات پر کل صبح سات بجکر 29 منٹ پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ اس زلزلے کا مرکز تلنگانہ کے مُلّوگو میں تھا اور زلزلہ پیما پر اس کی شدت پانچ اعشاریہ تین ریکارڈ کی گئی۔ اس زلزلے میں کسی بھی جانی یا مالی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع یوتھ فیسٹیول کا کل سے آغاز ہوا۔ ڈسٹرکٹ اسپورٹس کمپلیکس پر منعقدہ اس فیسٹیول کا افتتاح ضلع پریشد کے چیف ایگزیکٹیو افسر آدتیہ جیونے کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ فیسٹیول کے دوران سائنس وٹکنالوجی کی اختراعات پر مبنی مقابلے، روایتی رقص، لوک گیت، ہنرمندی کے مقابلے، کہانی نویسی، شاعری اور تقریری مقابلے منعقد کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

معذوروں کے عالمی دِن کے حوالے سے لاتور ضلع میں معذوروں کا ثقافتی پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر ضلع پریشد چیف ایگزیکٹیو افسر انمول ساگر اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر بالاجی شندے کی رہنمائی میں معذور طلبہ کے آیوشمان بھارت ہیلتھ اکاؤنٹ نمبر کے اندراج کیلئے خصوصی کیمپ منعقد کیا گیا۔ ضلع میں اب تک 11 لاکھ دو ہزار 665 اکاؤنٹ نمبر بنائے جانے کی اطلاع ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے دی۔

***** ***** *****

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے سابق رجسٹرار ڈاکٹر بلبھیم پاٹودیکر کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں چل بسے۔ وہ 87 برس کے تھے۔ یونائیٹڈ اسٹیٹس انفارمیشن سروسیز میں ممبئی کے امریکی قونصل خانے سے انھوں نے اپنی خدمات کا آغاز کیا تھا اور بیڑ کے شری بنکٹ سوامی کالج کے پرنسپل کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیں۔ پاٹودیکر کی آخری رسومات آج چھترپتی سمبھاجی نگر میں ادا کی جائیں گی۔

***** ***** *****

ناگپور۔ممبئی سمرّدھی ایکسپریس وے پر ناسک ضلع کے سنّر میں کار اور کنٹینر کے مابین ہوئے حادثے میں چھترپتی سمبھاجی نگر سے تعلق رکھنے والے بہوجن سماج پارٹی کے دو عہدیدار ہلاک ہو گئے۔ ممبئی سے بی ایس پی کے جائزہ اجلاس میں شرکت کرنے کے بعد واپس لوٹتے وقت یہ حادثہ ہوا۔ مہلوکین کے نام سچن بنسوڑے اور پرشانت نکاڑجے بتائے گئے ہیں۔

***** ***** *****

شارجہ میں جاری 19 برس سے کم عمر کھلاڑیوں کے ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل کوارٹر فائنل میں بھارت نے متحدہ امارات کی ٹیم کو 10 وِکٹ سے شکست دے دی۔ کل کھیلے گئے دوسرے کوارٹر فائنل میں پاکستان نے جاپان کو 180 رنوں سے شکست دی۔ آج سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے اور پاکستان کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔ ان مقابلوں کی فاتح ٹیمیں آئندہ آٹھ تاریخ کو دبئی میں فائنل کھیلیں گی۔

***** ***** *****

بھارت نے جونیئر ایشیائی کپ ہاکی چمپئن شپ جیت لی ہے۔ اومان کے مسقط میں کل ہوئے فائنل میں بھارت نے پاکستان کی ٹیم کو تین کے مقابلے میں پانچ گول سے شکست دی۔ بھارت نے پانچویں بار یہ اعزاز اپنے نام کیا ہے۔

***** ***** *****

جالنہ کے ضلع کلکٹر شری کرشن پانچاڑ نے کل رواں سال کے ضلع کے سالانہ منصوبے کا جائزہ لیا۔ زیرِ تکمیل کام بروقت اور معیاری کرنے کی ہدایت انھوں نے اس موقع پر متعلقین کو دی۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع میں بھی تمام شعبوں کو ترقیاتی کام معینہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ منظور شدہ فنڈ واپس نہ جائیں۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مہاراشٹر کے 21 ویں وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے بی جے پی رہنماء دیویندر پھڑنویس کی آج حلف برداری۔

☆ ناگپور سمیت وِدربھ کے متعدد مقامات پر زلزلے کے جھٹکے؛ تلنگانہ کے مُلّوگو میں زلزلے کا مرکز۔

☆ سمرّدھی ایکسپریس وے پر کار اور کنٹینر کے تصادم میں چھترپتی سمبھاجی نگر کے دو افراد کی موت۔

☆ 19 سال سے کم عمر کھلاڑیوں کے ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت سیمی فائنل میں داخل۔

اور۔۔۔☆ مردوں کی جونیئر ایشیائی ہاکی چمپئن شپ کے فائنل میں پاکستان کے خلاف بھارت کی فتح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****